ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ


پریس ریلیز((453

21.09.25

**بہاول پور(     )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات کی روشنی میں مسیحی عبادت گاہوں کی سکیورٹی کے سخت انتظامات، سینکڑوں پولیس افسران واہلکار ڈیوٹی پر تعینات، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او محمد حسن اقبال**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او محمد حسن اقبال کے احکامات کی روشنی میں اتوار کے روز مسیحی عبادت گاہوں پر سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کئے گئے۔جن پر سینکڑوں کی تعداد میں پولیس افسران واہلکار تعینات کیے گئے۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز نے جاری شدہ سکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر ماموروافسران واہلکاروں کو چیک کرنے کے ساتھ ساتھ ڈیوٹی کی حساسیت کے بارے میں بریف کیااور ڈیوٹی الرٹ رہ کر سرانجام دینے کی ہدایت کی،بعدازاں سکیورٹی سکیننگ کے آلات کی انسٹالیشن اور ورکنگ کے ساتھ ساتھ جامعہ تلاشی کے عمل کا بھی جائزہ لیا۔سول پارچات میں سکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین اداروں نے بھی ارد گرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں پر نظر رکھی۔ضلع بھر میں قیام امن کو یقینی بنانے کے لئے مختلف مقامات کے علاوہ ضلع کے خارجی اور داخلی راستوں پر جرائم پیشہ افراد کی نقل وحرکت کیلئے موثر سنیپ چیکنگ کا عمل بھی جاری ہے۔ڈی پی او محمد حسن اقبال نے مزید ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ایس ایچ اوز اور پٹرولنگ ڈیوٹی پر ماموروافسران اقلیتی عبادت گاہوں کے ارد گرد گشت کو ہر صورت یقینی بنائیں، کسی بھی مشتبہ اشخاص سے پوچھ گچھ اور اقلیتی عبادت گاہوں کے ارد گرد رہنے والے غیر متعلقہ افراد پر بھی نظر رکھیں، معاشرتی امن کے لیے بہاولپور میں رہنے والے تمام اقلیتی برادری کی سکیورٹی کو فول پروف رکھا جائے، غفلت ولاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی۔اس موقع پر ڈی پی او محمد حسن اقبال نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کے حوالے سے دیگر سکیورٹی فرائض کے ساتھ عبادت گاہوں میں بھی سکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،ایسے مقامات کی سکیورٹی جہاں پر عوام الناس بھاری تعداد میں جمع ہوایسی جگہوں پر امن وامان کی صورتحال کو برقراررکھنانہایت ضروری ہے، مسیحی برادری سمیت تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور:ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر محمد حسن اقبال کے احکامات کی روشنی میں ضلع بھر کی مسیحی عبادت گاہوں پر پولیس کے افسران وجوان الرٹ ہوکر ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں